23/02/2026

09.25 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اشفاق امین

من کی بات

وزیر اعظم نریندرمودی نے ملک کے کسانوں کی سراہنا کر تے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے کسان مٹی کو سونا بنانے میں ماہر ہیں۔آکاشوانی پر من کی بات کے اپنے ماہ وار ریڈیو پروگرام میں عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوننے کہا کہ کاشتکاری میں اختیار کئے جا رہے نئے اور اختراعی طریقوں کی بدولت اب بھارت چاول اُگانے والا دنیا کا صف اول کا ملک ہے ۔

----PM- Farmers----

Exam Warriors کے موضوع پر بات کرتے ہوئے وزیراعظم نے امیدظاہر کی کہ طلباءبغیر کسی تناؤکے پورے دل سے امتحان کی تیاری کر رہے ہوں گے۔ انہوں نے یہ بات پھر دہرائی کہ طلباءکی قابلیت ان کے مارکس شیٹ سے طے نہیں ہوتی ۔

دیگر کئی موضوعات پر بات کرنے کے علاوہ نریندر مو دی نے عوام کو جا ری ماہ رمضان اور آنے والے ہولی کے تہوار کی مبارکباد پیش کر تے ہوئے لوگوں کو تہواروں کے دوران ووکل فار لوکل کا منتر ذہن میں رکھنے کی یاد دہانی کرائی۔

رانا

سرحدی اور دور دراز علاقوں میں بنیادی ڈھانچے کی بہتری حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے ۔ان باتوں کااظہار وزیر برائے جل شکتی ، جنگلات و ماحولیات جاوید احمد رانا نے مینڈھر میں تعمیرات عامہ کی جانب سے جاری ترقیاتی کاموں کی پیشرفت کا ورچول میٹنگ کی صدارت کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ تعمیراتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کریں تاکہ عوامی مسائل کو موثر طریقے سے حل کیاجا سکے۔

الیکشن کمیشن

انتخابی کمیشن کل نئی دلی میں چناؤکمیشن اور ریاستوں کے انتخابی کمشنروں کی قومی گول میز کانفرنس کا اہتمام کرے گا ۔ ایک بیان میں کمیشن نے کہاکہ اعلیٰ چناؤکمشنر گیانیش کمار اس کانفرنس کی صدارت کریں گے۔اس کانفرنس میں ریاستوں کے انتخابی کمشنروں کے ساتھ ساتھ ان کے قانونی اور تکنیکی امور کے ماہرین نیز سبھی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے اعلیٰ چناؤافسر بھی شرکت کریں گے۔

ڈلو

کوئی بھی قوم اپنے بچونپرنتیجہ خیز سرمایہ کاری کے بغیر پائیدار ترقی کا خواب دیکھ نہیں سکتی ہے ۔ان باتوں کا اظہار چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں مینمحکمہ سماجی بہبود کی طرف سے تعلیم اور ابتدائی بچپن کی دیکھ بھال کیلئے مجوزہ مداخلت کا جائزہ لینے کی غرض سے بلائی گئی ایک میٹنگ کے دوران کیا۔ اس موقعے پر چیف سیکریٹری نے آنگن واڑی مراکز کو متحرک کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے بچوں کوایک خوشحال کل کی ضمانت اور کسی بھی قوم کی حقیقی دولت قرار دیا۔

کھیلو انڈیا

شہرہ

ۂ آفاق سیاحتی مرکز گلمرگ میں آج سے کھیلو انڈیاسرمائی کھیلوں کاآغاز ہو رہاہے یہ ان کھیل مقابلوں کا چھٹا شمارہ ہے اور آج سے 26فروری تک جاری رہنے والے ان کھیل مقابلوں میں ملک بھر کی 24ریاستوں کی ایک ہزار کھلاڑی اور معاون عملہ حصہ لے رہے ہیں۔ دریں اثنار جے کے سپورٹس کونسل کی سیکرٹری نزہت گل نے کل ایک میٹنگ کے دوران ان کھیل مقابلوں کیلئے کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیاجموں کشمیر سپورٹس کونسل کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کی مرکزی وزارت نیز سپورٹس اتھارٹی آف انڈیا کے اشتراک سے ان مقابلوں کاانعقاد کر رہا ہے ۔ان کھیلونمیں Snow Boarding, Nordic Sking, Alpine Skingاور Ski Mounteenering کے مقابلے منعقد کئے جا رہے ہیں۔

زبیر سلیم

ماہ رمضان کے دوران ڈاکٹر کے مشورے کے بعد روزہ رکھنے والے بزرگ افراد کو کئی طرح کے طبی فوائد ملتے ہیں۔ بہتر ہوتی ہے دوسری طرف سے ان کے دل کی صحت بھی بہتر ہو جاتی ہے Insulun Resistance ایک طرف سے ان کی ۔ اس حوالے سے وادی کے ایک معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

........Zubair Saleem........

شہر شہر منظر

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت1ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ